## ایم کیوایم یو کے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں اجتماع کا انعقاد

## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں پاکستانی بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین کی ایم کیوایم میں شمولیت

## عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کی جانب امید بھری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں۔قاسم علی رضا

## پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔فیض احمد

## ایم کیوایم یو کے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں ایسٹ لندن میں آباد مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر درجنوں بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے ایم کیوایم کے رکنیت سازی کے فارم پر کئے اور ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین حقوق سے محروم عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی جدوجہد کررہے ہیں تاکہ پاکستان میں ایک قوم کا تصور مضبوط کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد ہیں اور ملک وقوم کے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب امید بھری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں۔قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نہ صرف خود انتخابات میں حصہ نہیں لیا بلکہ اپنے کسی رشتہ دار کو بھی الیکشن نہ لڑا کر ثابت کردیا ہے کہ انکے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں ہے۔قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم ہو جس میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بھی تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی حقوق میسر آسکیں۔اجتماع سے ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے اور ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دیں۔اجتماع سے ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان علی مرتضیٰ، عبدالحلیم اور ایم کیوایم ایسٹ لندن یونٹ کے انچارج فیصل خانزادہ نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی بھی موجود تھے۔تقریب میں ایم کیوایم یو کے آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان نے نظم پیش کی جبکہ نظامت کے فرائض طارق سبزواری نے ادا کئے۔

☆☆☆☆☆